# 25 ویں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

ptcl

اطلاع دی جاتی ہے کہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ کا 25واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 28 مئی 2020 بروز جمعرات، صبح 10:30 بجے، ایس اے صدیقی آڈیٹوریم، پی ٹی سی ایل ہیڈ کوارٹرز، سیکٹر G-8/4، اسلام آباد میں منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل معاملات زیر بحث لائے جائیں گے:

1۔ 25 اپریل 2019 کو منعقدہ 24 ویں سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی تصدیق

2۔ 31 دسمبر 2019 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس مع آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ کو وصول کرنا، زیرغور لانا اور اختیار کرنا

3۔ 31 دسمبر 2019 کو ختم ہونے والے سال کیلئے 5 فیصد حتمی نقد منافع (0.50 روپیہ فی عمومی شیئر) کی منظوری۔
یہ 5 فیصد عبوری نقد منافع (0.50 روپیہ فی عمومی شیئر) کے علاوہ ہے جس کا اعلان اس سے قبل کیا جا چکا ہے اور 31 دسمبر 2019 کو ختم ہونے والے سال کیلئے شیئر ہولڈرز کو پہلے سے ادا کر دیا گیا ہے۔

4۔ 31 دسمبر 2020 کو مکمل ہونے والے مالی سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین

5۔ چیئرمین کی اجازت سے کوئی بھی اور معاملہ زیر بحث لانا

بحکم بورڈ

صائمہ اکبر خٹک
کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد
مورخہ 20 اپریل 2020

## نوٹس

1۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت

A سالانہ اجلاس عام کیلئے کورونا وائرس کی صورت حال کے پیش نظر منصوبہ بندی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (کمیشن) کے سرکلر نمبر EMD/MISC/82/2012 بتاریخ 17 مارچ 2020 کی تعمیل میں اراکین کو ویڈیو لنک کے ذریعے یا اپنی حاضری کو مشترکہ پراکسیز کے ذریعے اے جی ایم میں شرکت کی ترغیب دی جاتی ہے۔ وہ اراکین جو ویڈیو لنک کے ذریعے اے جی ایم میں شرکت کے خواہاں ہیں انہیں رجسٹریشن کیلئے company.secretary@ptcl.net.pk پر ای میل بھیج کر اپنی تفصیلات یعنی نام، فولیو نمبر، سی این آئی سی کی اسکین کاپی (دونوں سائیڈز)، موبائل نمبر اور ان کے نام پر درج حصص کی تعداد بعنوان 'پی ٹی سی ایل اے جی ایم کیلئے اندراج' کا اندراج کرانا ہوگا۔ ویڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف انہی اراکین کو بھیجی جائیں گی جن کی ای میلز میں مطلوبہ تفصیلات بتاریخ 26 مئی 2020، شام 5 بجے سے پہلے دیئے گئے ای میل ایڈریس پر موصول ہوں گی۔
اراکین اے جی ایم ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنے تبصرے اور تجاویز واٹس ایپ نمبر 03340052699 اور ای میل ایڈریس company.secretary@ptcl.net.pk پر بھی فراہم کرسکتے ہیں۔ کمپنی، حکومت اور کمیشن کی ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے بہترین طریقوں پر عمل کرے گی تاکہ ان اراکین کی فلاح و بہبود کیلئے حفاظتی اقدامات کی موجودگی کو یقینی بنایا جاسکے۔

B کمپنی کا کوئی بھی رکن جسے اجلاس میں شریک ہونے اور اس میں ووٹ کرنے کا حق حاصل ہے وہ کسی اور شخص کو اپنی جگہ شریک ہونے اور ووٹ کرنے کیلئے 'پراکسی' کے طور پر مقرر کرسکتا ہے۔ ایک کارپوریٹ ادارہ جو رکن ہو، اپنی 'پراکسی' کے طور پر کسی بھی شخص کو مقرر کرسکتا ہے قطع نظر اس سے کہ وہ رکن ہے یا نہیں۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ بمع کارپوریٹ ادارے کی جگہ شریک ہونے اور ووٹ کرنے کیلئے مقرر کردہ شخص کے نمونہ دستخط مکمل پُر کردہ پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی میں جمع کرائے جائیں۔ پراکسی مؤثر ہونے کیلئے اجلاس کے انعقاد کیلئے طے شدہ وقت سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کو رجسٹرڈ دفتر پر موصول ہونی چاہئے۔

2۔ شیئر منتقلی کی کتابوں کی بندش

کمپنی کی شیئر منتقلی کی کتابیں مورخہ 19 مئی 2020 تا 28 مئی 2020 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ F-8، ملحقہ ہوٹل فاران، نرسری بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس شاہراہ فیصل، کراچی کو مورخہ 18 مئی 2020 کو کاروبار بند ہونے تک موصول ہونے والی ٹرانسفرز، سالانہ اجلاس عام میں شامل ہونے اور ٹرانسفریز کو حتمی منافع کی ادائیگی کیلئے بروقت تصور ہوں گی۔

3۔ پتے کی تبدیلی

جن ارکان کے پاس شیئرز کاغذی شکل میں موجود ہیں ان سے گزارش ہے کہ اپنے پتے میں کسی تبدیلی کے بارے میں فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کریں۔ جن ارکان کے شیئرز سی ڈی سی / پارٹسپنٹس (participants) اکاؤنٹس میں ہیں، ان سے بھی گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے نئے پتے، سی ڈی سی یا اپنے پارٹسپنٹس (participants) / اسٹاک بروکرز کے پاس درج کرا دیں۔

4۔ اطلاع برائے شیئر ہولڈرز جنہوں نے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ فراہم نہیں کئے ہیں

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی ہدایت بذریعہ ایس آر او نمبر 831(I)/2012 مورخہ 5 جولائی 2012 کے مطابق، منافع کے وارنٹس پر رجسٹرڈ شیئر ہولڈر یا مختار شخص کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر درج ہونا ضروری ہے اور اس سے صرف نابالغ بچے اور کارپوریٹ شیئر ہولڈرز مستثنٰی ہیں۔ جن ارکان نے تا حال اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جمع نہیں کرائی، ان سے دوبارہ گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے فولیو نمبرز سمیت کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کردیں تاکہ منافع کی بروقت ادائیگی یقینی بنائی جا سکے۔ جن ارکان کے شیئرز سی ڈی سی / پارٹسپنٹس (participants) اکاؤنٹس میں ہیں ان سے بھی گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے سی این آئی سی / این ٹی این مع سی ڈی سی یا اپنے پارٹسپنٹس (participants) / اسٹاک بروکرز کے پاس درج کرادیں۔

5۔ منافع کی الیکٹرانک ذریعے سے ادائیگی (ای۔مینڈیٹ)

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 242 کے مطابق، درج شدہ (listed) کمپنی کیلئے یہ لازم ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کا منافع صرف الیکٹرانک طریقے سے حقدار شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست، جمع کروائے۔
اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست منافع وصول کرنے کیلئے، شیئر ہولڈرز جن کے پاس شیئرز فزیکل فارم میں موجود ہیں وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم پُر کریں اور دستخط کرکے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، بمقام F-8، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کے پتہ پر ارسال کردیں۔
جن ارکان کے شیئرز سی ڈی سی یا پارٹسپنٹس / اسٹاک بروکرز کے پاس ہیں ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مینڈیٹ سی ڈی سی یا ان کے پارٹسپنٹس / اسٹاک بروکرز کو فراہم کردیں۔

6۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کیلئے مزید ہدایات

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ایس ای سی پی کی جاری کردہ ہدایات بذریعہ سرکولر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 کی تعمیل کرنی ہوگی جو مندرجہ ذیل ہیں:

A اجلاس میں شرکت کیلئے

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ ظاہر کرکے اپنی شناخت کی توثیق کرے۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے وقت، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ بمع نامزد امیدوار کے نمونہ دستخط ظاہر کیا جائے۔ (جب تک کہ کمپنی کو پہلے ہی فراہم نہ کردیا گیا ہو)

B پراکسی کی تقرری کیلئے

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا وہ فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہے اور رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہیں، مندرجہ بالا ضابطے کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں۔

(ii) پراکسی فارم کے دو گواہ ہونے چاہئیں جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر پراکسی فارم پر درج ہوں۔

(iii) اصل مالک اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹس کی تصدیق شدہ نقل، پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کی جائیں۔

(iv) پراکسی اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ ظاہر کرے۔

(v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ بمع نمونہ دستخط کمپنی میں جمع کرائی جائیں۔

7۔ ویڈیو کانفرنس کیلئے رضامندی

اراکین کراچی اور لاہور میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس ضمن میں وہ درج ذیل پُر کرکے اجلاس عام سے کم از کم دس دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس پر جمع کرائیں۔

ویڈیو سہولت صرف اسی صورت میں فراہم کی جائے گی کہ اگر کمپنی کو ایسے ارکان کی جانب سے رضامندی حاصل ہو جو کراچی یا لاہور کے رہائشی ہوں اور مجموعی طور پر 10 فیصد یا زیادہ حصص رکھتے ہوں۔ ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کیلئے کم از کم دس دن قبل بتائیں تو کمپنی اس مطلوبہ شہر میں اس طرح کی سہولت کی دستیابی سے مشروط ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرے گی۔ کمپنی اجلاس عام کی تاریخ انعقاد سے کم از کم پانچ دن قبل ارکان کو ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے ساتھ وہاں تک رسائی کی مکمل معلومات فراہم کرے گی۔

میں / ہم ـــــــ ساکن ـــــــ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ کے ایک رکن ہونے کے طور پر ـــــــ آرڈنری شیئر (ز) رکھتے ہیں جس کا رجسٹرڈ فولیو نمبر ـــــــ ہے۔ بذریعہ ہذا ـــــــ شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتے ہیں۔

ممبر کے دستخط

8۔ اے جی ایم کا نوٹس اور آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی الیکٹرانک ترسیل

27 اپریل 2017 کو منعقدہ اجلاس عام میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز نے اس بات پر رضامندی کا اظہار کیا کہ کمپنی کی آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس بمع سالانہ اجلاس عام کا نوٹس کاغذی شکل میں وصول کرنے کی بجائے بذریعہ سی ڈی / ڈی وی ڈی / یو ایس بی وصول کی جائے گی۔ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس اور اے جی ایم کے نوٹس کی سافٹ کاپیز کمپنی کی ویب سائٹ www.ptcl.com.pk پر موجود ہیں۔

9۔ منافع کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

مندرجہ ذیل معلومات ارکان کی معلومات کیلئے ایس ای سی پی کے سرکولر نمبر 19/2014 بتاریخ 24 اکتوبر 2014 کے مطابق دی جارہی ہیں:

(i) حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 150 میں بعض ترامیم کی ہیں جس کے سبب کمپنیوں کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کے مختلف ریٹس تجویز کئے گئے ہیں۔ یہ ریٹس حسب ذیل ہیں:

a انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کیلئے 15 فیصد

b انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کیلئے 30 فیصد

وہ تمام حصص یافتگان جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ کی ایکٹیو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں درج نہیں ہیں اور اس حقیقت کے باوجود کہ وہ فائلرز ہیں، کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ آئندہ نقد منافع کی ادائیگی کی تاریخ سے قبل اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کا نام ATL میں درج ہو، بصورت دیگر ان کے نقد منافع پر ٹیکس کی کٹوتی اتھارٹی کی مقرر کردہ شرح پر کی جائے گی۔

(ii) مزید استفسار / مسئلہ / معلومات کیلئے سرمایہ کار، کمپنی کے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ F-8، ملحقہ ہوٹل فاران، نرسری بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس شاہراہ فیصل، کراچی (فون نمبر 34380101-9221+ اور 34380102-9221+، ای میل info.shares@famco.com.pk سے رابطہ کریں۔

(iii) سی ڈی سی اکاؤنٹس رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے متعلقہ شرکاء کے پاس اپنا تازہ ترین نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) درج کرائیں جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی کاپی کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو بھیجیں۔ این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹس جو بھی ہو، بھیجتے وقت کمپنی کا نام اور اپنا متعلقہ فولیو نمبر کا حوالہ لازمی دیں۔



27cm x 8column